# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ سوشیالوجی)

## وارننگ

عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

۱۔ امتحانی مشق میں اگر آپ کسی اور کی تحریر سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں۔ خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔

۲۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد کی مواد کی چوری (PLAGIARISM) پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

**کورس:** عمرانیات II(413) سمسٹر: خزاں، 2026ء

**سطح:** بی اے

## مشقیں جمع کرانے کا اوقات نامہ

| 6 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ | 3 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ |
|---|---|---|---|
| مشق نمبر1 | 15-12-2026 | -- | -- |
| مشق نمبر2 | 08-01-2027 | مشق نمبر1 | 08-01-2027 |
| مشق نمبر3 | 30-01-2027 | -- | -- |
| مشق نمبر4 | 20-02-2027 | مشق نمبر2 | 20-02-2027 |

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

(ہدایات برائے میٹرک، ایف اے اور بی اے پروگرام)

1۔ تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

4۔ آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

5۔ غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

**کل نمبر:100** **کامیابی کے نمبر بی اے:40**

## امتحانی مشق نمبر ا

### (یونٹ:ا تا ۴)

**سوال نمبر 1:** سماجی تحقیق کے بنیادی مراحل بیان کریں اور وضاحت کریں کہ تحقیق معاشرتی مسائل کے حل میں کس طرح مددگار ثابت ہوتی ہے۔ (20)

**سوال نمبر 2:** مختلف عمرانی نظریات (مثلاً فعلیت پسندی، تصادم نظریہ) کا تقابلی جائزہ پیش کریں اور بیان کریں کہ یہ نظریات معاشرتی حقیقت کو مختلف انداز میں کیسے بیان کرتے ہیں۔ (20)

**سوال نمبر 3:** فرد اور معاشرے کے باہمی تعلق پر بحث کریں اور وضاحت کریں کہ سماجی اقدار فرد کے رویوں اور شناخت کو کیسے متاثر کرتی ہیں۔ (20)

**سوال نمبر 4:** ثقافت کے اجزاء (Values, Norms, Beliefs) کی وضاحت کریں اور بیان کریں کہ ثقافتی تبدیلی معاشرتی ہم آہنگی کو کیسے متاثر کرتی ہے۔ (20)

**سوال نمبر 5:** مندرجہ ذیل پر مختصر نوٹ تحریر کریں:

1. معیاری (Qualitative) اور مقداری (Quantitative) تحقیق میں فرق (10)
2. پاکستان میں موجود اہم سماجی مسائل کا مختصر جائزہ (10)

**کل نمبر:100** **کامیابی کے نمبر بی اے:40**

## امتحانی مشق نمبر ۲

### (یونٹ:۵ تا ۹)

**سوال نمبر 1:** کمیونٹی ڈویلپمنٹ کی اہمیت بیان کریں اور وضاحت کریں کہ مقامی سطح پر ترقیاتی منصوبوں کی کامیابی کن عوامل پر منحصر ہوتی ہے۔ (20)

**سوال نمبر 2:** جرم (Crime) کے سماجی اسباب کا جائزہ لیں اور بیان کریں کہ معاشرتی تبدیلی جرم کے تصور کو کیسے متاثر کرتی ہے۔ (20)

**سوال نمبر 3:** سماجی منصوبہ بندی (Social Planning) کے مراحل بیان کریں اور اس کی کامیابی میں قیادت اور وسائل کے کردار کو واضح کریں۔ (20)

**سوال نمبر 4:** سماجی ترقی (Social Development) کے مختلف پہلوؤں پر بحث کریں اور واضح کریں کہ یہ صرف معاشی ترقی سے کس طرح مختلف ہے۔ (20)

**سوال نمبر 5:** ریاست، غیر سرکاری تنظیموں اور افراد کے کردار کا تقابلی جائزہ پیش کریں اور وضاحت کریں کہ سماجی مسائل کے حل میں باہمی تعاون کیوں ضروری ہے۔ (20)